مین وہ برگشتہ دوران ہون جو سیاحی مین آجاؤن
پھری گردش کوکب پہ پھر گرد آسمان برسون

شراب شوق پی لی میکدہ مین خشت تن کر
رہا مانع اگرچہ مجکو وہ پیر مغان برسون

وہ ہون مجنون شوریدہ ہوئے الفت جو وا منگر
تو وحشت مین گریبان اوڑائین دہجیان برسون

سرا نہ ہی یا گلزار رشک خلد داغون سے
نہ آئی یا الٰہی اس چمن مین یہ خزان برسون

سدہا سے جو عدم کو نام اپنا چھوڑ کر مشتاق
عبث ہی ڈھونڈتا اونکو نہ پائے گا نشان برسون

ہی غضب الفت نہین کچھ اوس بت بے پیر مین
جس طرح ہوتی نہین ہی بوئی گل تصویر مین

مرغ دل کو تاک کی تو صید کر ابرو کمان
دور رہتا ہی ہدف سے سو بھی جس تیر مین

جوش وحشت پر وہ ہی مجبور اندنون ای ہمنشین
پاؤن رہتا ہی نہین اب حلقۂ زنجیر مین

تھا یہ شوق قتل جب قاتل نے اوسکو کیا
بس صدا شکر کی پیدا ہوئی نخچیر مین

لب نبات و قند یا تیرے آگے کچھ فروغ
دی خدا نے ایسی شیرینی تری تقریر مین

قتل ہو کر پھر حیات تازہ پاتا ہے قتیل
ہی عجب تاثیر قاتل جوہر شمشیر مین

زلف کا خم کبھی نہین جاتا تعجب ہے مجھے
کس طرح بل پڑ گیا ہے آہ کی تاثیر مین

کاکل جانان مین جا کر پھنس گیا عاشق کا دل
دانۂ زنجیر تھا اس مرغ کی تقدیر مین

سیکڑون لکھے نہ آیا ایک خط کا بھی جواب
سحر آخر ہو گئی شائق مری تحریر مین

تیغ ابرو لگ گئی ہی دل پہ کاری اندنون
زعفرانی ہو گئی رنگت ہماری اندنون

پیرہن مین جو نہین پھولے سماتے اہل عشق
لائی ہے کیا بوئے گل باد بہاری اندنون

ابر تر میرے مقابل ہو یہ کیا اوسکی مجال
کر رہا ہون پھر مین وہ اشکباری اندنون

غیر اوسکی زلف مین کرتا ہی شانہ اور یہان
سر پہ تیغ چل رہی ہی ایک آری اندنون

اوسنے برچھی پہ باندھی ہی کمر بس خیر ہو
کام کچھ کرتے نہین ہی آہ و زاری اندنون

جان کا بچنا بہت مشکل نظر آتا ہی اب
حکم قتل عام ہے قاتل کا جاری اندنون

صورت اپنی تو کسی صورت دکھاتے ایکبار
ہوتی ہی معلوم کیا صورت ہماری اندنون

خاک کوئی یار ہی خاک شفا حق مین مرے

صبا آتی ہو نسبت تیری تجھسے ہی پیسا ز و فن
کہ لیکر ڈال دینا خاک میری کوی جاناں میں

ہمارے اختر طالع کو کیوں برگشتگی ہوتی
اگر ہوتی نہ گردش گنبد گردون گردان میں

ہزاروں پیرہن میں چاک کیساعت میں ہوتے ہیں
تجھے ایسا پڑا گیا ہے کیا انس دست گریبان میں

ہوئی ہے خود بخود نفرت سے مشتاقوں ہمیشہ سے
پئی تفریح اب جاکر رہونگا انگلستان میں

رسن میں دار کے جو آدمی کا حال ہوتا ہے
بعینہ دل کا عالم ہے وہی زلف پریشان میں

یقیں ہے شاعران فارسی بھی مدح گویا ہوں
غزل یہ تیا گر پہونچے کسی صورت صفاہاں میں

جو مضمون جس میں ہیں انشا طبع کا یارو
غزل ایسی نکلی گی کوئی شاید ہی دیوان میں

بی دھڑک کوچۂ جاناں میں گذر کرتی ہیں
ہم جو کچھ کرتی ہیں بے خوف و خطر کرتی ہیں

دیکھکر قد کو تری چشم کو تر کرتی ہیں
ہم اسی آپ سے اپنے تئیں پر کرتے ہیں

گاہ نظارۂ رخ گاہ سر زلف کی دید
ہم بسر اپنی یونہی شام و سحر کرتے ہیں

اپنی دامن کی تو کیا اصل ہی قیمت گریہ
دامن کوہ ہم اشکوں سے تر کرتے ہیں

ہم تری یاد میں اے ماہ لقا با صد رہ
نالۂ نیم شبی آہ سحر کرتے ہیں

لوٹتا ہون خاک پر درد دل بیمار سے
جان بلب ہون انتظار شوق عیسیٰ دم مین ہون

طوق و زنجیر و سلاسل کی مجھے کیا احتیاج
مین تو خود ہی قید تار کاکل پر خم مین ہون

صورت عنقا مین شائق گو نظر آتا نہین
یہ ظاہر ہے کہ مین مشہور اک عالم مین ہون

ہمنشین اوسکی خبر آتی نہین
زندگی اپنی نظر آتی نہین

ہے قناعت سے مجھے ربط کمال
طمع میری سوے زر آتی نہین

رات ہو جاتی ہے اپنی روز حشر
روبرو شکل سحر آتی نہین

آپ ہین مجھسے جفا سے خفا
زندگی کیا ہون بسر آتی نہین

نالۂ بے لطف سے کیا فائدہ
لب سے آہ پر اثر آتی نہین

نقد جان سے ہے لازم انفعال
شرم کچھ تمکو مگر آتی نہین

اہل دنیا خود ستائی کے ہین
اور خوشامد ہمکو آتی نہین

ہے کمر با قدرت پروردگار
وہم مین اوسکی کمر آتی نہین

خیر ہمکو آئی ہے شائق پسند
شکر ہے جو ہمکو شر آتی نہین

لازم ہمین شکایت چرخ کہن نہین
وہ کون ہی شکنجۂ رنج و محن نہین

دریائی من جوش سے ہی موجزن ہوا
پیشانئ صنم پہ پڑی یہ شکن نہین

دشمن کو بھی برا کہین ہم چہ جا دوست
رنجش کرین کسی سے یہ اپنا چلن نہین

خانہ بدوش جو کہ ہین اونکا ہی یہ کلام
غربت مین وہ مزہ ہی کہ یاد وطن نہین

جان بر جبین نہ ہمسے کہین ہو زلف یار
منظور سلسلہ ہمین شیر ختن نہین

عشاق کی ہوئے ہین یہ تار نگاہ جمع
پردہ مین یہ بندھی ہوئی اوسکی رسن نہین

سینہ کو تونے تختۂ گلزار ہو گیا
ہمکو ذرا بھی خواہش سیر چمن نہین

جی مین ہی چلکے کوئی نیا ملک دیکھئے
اب قابل قیام یہ دیر کہن نہین

برج شرف سے شمس کی پھیلی ہوئی یہ شعاع
محرم کے گرد اوسکے لگی یہ کرن نہین

شائق نداو باج سے موقوف کر سخن
بالفعل گو زمانہ مین قدر سخن نہین

کچھ لگی ہی آگ سی جو دل میں جو سہا
یاد آتش نیر کا عالم ہی ہر ناسور مین

عاشق و معشوق مین جلوس اتنا ہی فرق
فرد نار کے جسند ستونا ہی ناسور مین

صحبت خوبان عالم چھوڑ کر احمق نہین
زاہد قبر پا کرو تم یہان خیال حور مین

چاندنی شب کرون موزون سخن رنگین و صاف
زلف کا مضمون لکھونگا شب دیجور مین

پانکی سرخی کلی سے جب نظر آنے لگی
شب ابھر سرخ سمجھے شیشہ بلور مین

داغ دلکی دو تو مہر دوا کرتے ہو گرہ
ڈال دو بال سمندر مرہم کافور مین

عکس رخ انکے مین پھر مجکو آیا ہے نظر
یہ جھلک موسی نے کب دیکھی تھی شمع طور مین

ہو گیا ہی محو دل سے شغل شعر و شاعری
ہو نہین خود رفتہ خیال ناسخ مغفور مین

سینہ سوزان مین میرے دلکی یہ صورت ہوئی
ایک نقطہ جسطرح ہو خانۂ معمور مین

خانۂ دو چیز کا دنیا مین شاید ہو گیا
خاکساری مجھ مین ہے نخوت منصور مین

ایک مدت سے مجھے درد جگر ہوتا نہین
لعنت ہے اب کوئی حسین مد نظر ہوتا نہین

آہ کا اپنی ذرا اوسپہ اثر ہوتا نہین
اوسکا اس جانب کبھی سہوا گذر ہوتا نہین

ہو گئے مائے کمر کا دھیان ہی مجکو بال
کون کہتا ہی یہان مو کمر ہوتا نہین

عشق کی بازار مین جنس محبت مول لے
یہ وہ سودا ہی کبھی جسمین ضرر ہوتا نہین

خشم جانان دفع ہووے نیسے میرے کسطرح
شعلۂ رخسار کو پانی کا ڈر ہوتا نہین

نفع پہونچا خلق کو حاصل یہی ہی زیست کا
وہ شجر کس کام کا جسمین ثمر ہوتا نہین

حسن تون ہی مین مو سکندر و دارا و جم
سیر دنیا سے غرض کوئی بشر ہوتا نہین

چرخ کا شکوہ نکر حاصل نہو گر کام دل
رنج کیا اسکا نفع نہ دے اگر ہوتا نہین

طعن ناصح غفلت دنیا مین مجھپر ہی عبث
کون ہی جو میکدہ مین بیخبر ہوتا نہین

زخم دل جو ہی ادب سے وہ بس محفوظ ہی
نخل موم دیکھ لے زیر تبر ہوتا نہین

انجماد جو سین ہون مجتمع ممکن نہین
دیکھ لے کر شمس ہوتا ہی قمر ہوتا نہین

رنگ فق صبح جدائی کا مری کیونکر نہو
چاک کب آہون سے دامان سحر ہوتا نہین

خشک مغزی ہو گئی ہی آج کل شاید چھپا
اندنون ثبت جو موزون شعر تر ہوتا نہین

گوہر مضمون نکلتے ہین مگر سے آبدار
جبکہ دریائے طبیعت جوش پر ہوتا نہین

طبع حاضر ہو نہو پر شعر کہتا ہی خسرو
اہل فن تا ہیں ای شائق نہ مر ہوتا نہین

مدعی تجھکو وفا سے اور مین ہون
تیری طرز جفا سے اور مین ہون

ہے یہ صحرائے جنون واسطے اپنے ہمکو ‎— ہم بھی موسی کی طرح دید مکرر کرتے ہین

کیون طبیعت ہے یہ بالعکس زمانہ اپنی — عیب کھلاتی ہین پوشیدہ ہنر کرتے ہین

یہ قفس نہین اسیر غم عشق کی ہے — نفس سرد سے ہم خاک کو زر کرتے ہین

دیکھ لیتے ہین تجھی دیدۂ دل سے ہم بھی — تیر نظارہ ترے رخ کا اگر کرتے ہین

پوچھ ناسخ سے یہ مشتاق کہ عدم مین کیا ہے

لوگ دنیا سے جو دن رات سفر کرتے ہین

داغ دل روشن رہے مجھکو کام گلشن سے نہین — تخم گلزار تو بہتر مرے تن سے نہین

ہے یقین جاؤ کہ بعد از مرگ بھی پہچان جان — چھینٹی کی خاک میری پیرہن سے نہین

زخم صوری ہو تو ہو سکتا ہے اوسکا کچھ علاج — چاک دل سلنے کا سینے کی سوزن سے نہین

ہون مقید حلقۂ زلف سیاہ یار کا — قید کی حاجت مجھے زنجیر آہن سے نہین

دیکھئے انجام کیا ہوتا ہے میرے عشق کا — سخت مشکل ہے کہ ہین واقف کچھ اس فن سے نہین

اسلئے افزون ہے سوزش تیرا ہی رشک ہے — بزم کو میری غرض کچھ شمع روشن سے نہین

اوس زلیخا سے کہتا ہون قصہ یوسف — ہین تولے کا کبھی کم ایک رتی سے نہین

لون قیدیون سے مین کسطرح قصاص اے ہمدم
چین دیتی ہی مجھے گردش ایام نہین

ہنسکے فرمایا کیا تمنے جو بوسہ کا سوال
سائل ایسا تو کبھی قابل انعام نہین

گھر سے بیزار رہا اور عرصۂ صحرا بھی تنگ
دل بیتاب کو اپنی کہین آرام نہین

تر ہے دامن مئے گلگون سے تو کیا جامۂ خضر
سبز الملبوس ہین کچھ جامۂ احرام نہین

دام کاکل مین تری جو کہ گرفتار رہے
پختہ مغزان محبت مین وہی خام نہین

مین بھلا خاک کرون سیر و تماشا چمن
شدت ضعف سے یان طاقت یک گام نہین

ہے شب تار جدائی کو نہین میری سحر
جس طرح روز قیامت کے لئے شام نہین

تا ابد گو یہ چھٹتا ہی نہین ہو فرقت سے
ثاقب اس عشق کے آغاز کا انجام نہین

سرو سا آزاد گو مین گلشن عالم مین ہون
نخل ماتم کیطرح پر محفل ماتم مین ہون

اوسکا مضمون کمر آتا نہین کچھ ذہن مین
ایکمدت سے مین فکر معنی مبہم مین ہون

بے سبب مجھسے خفا وہ تند خو ہے اسلئے
منتشر اس زلف عنبری کی کیفیت کم مین ہون

ق
پوچھتے ہو حال کیا مجھسے تجھے پروا کا
کیا کہون مین کس آفت مین کس غم مین ہون

تری زلف رسا ہے اور مین ہون × یہی کالی بلا ہے اور مین ہون

صدا سے گل یہی ہے فصل گل مین × گراب چاک قبا ہے اور مین ہون

نہ اوٹھونگا مسیحا در سے تیرے × یہی دارالشفا ہے اور مین ہون

کرونگا چشم دل کا اپنی سرمہ × بس اوسکی خاک پا ہی اور مین ہون

کبھی لائی نہ مجھ تک بوے جانان × نگر باد صبا ہی اور مین ہون

نہین ہے غیر کا یان ذکر ہرگز × فقط چرچا ترا ہی اور مین ہون

مجھے محروم رکھا وصل کی شب × تری شرم و حیا ہی اور مین ہون

ہوا ہے خون جگر دونون کا شائق × غرض برگ حنا ہے اور مین ہون

وہی یان جلوہ گر ہے اور مین ہون × وہی پیش نظر ہے اور مین ہون

اگر ہے قتل میرا تمکو منظور × تو بس حاضر یہ سر ہے اور مین ہون

عدم سے ڈھونڈھ کر لاؤنگا اوسکو × ترا موے کمر ہے اور مین ہون

نہ ہو پہلو بہ پہلو میرے یان کوئی اور × دل شوریدہ سر ہے اور مین ہون

سیہ خانہ ہے اس عاشق سے روشن
کہ وہ رشک قمر ہے اور میں ہوں

علم کر شوق سے شمشیر اپنی
مرا سینہ سپر ہے اور میں ہوں

رلاتا ہی ترا قامت چمن میں
صنوبر کا شجر ہے اور میں ہوں

نہیں آتا جو میرے گھر پہ وہ ماہ
اب اوسکا رہگذر ہے اور میں ہوں

شب وصل صنم میں بول اوٹھا وہ
دلا مرغ سحر ہے اور میں ہوں

نہ آیا پاس شائق کے کسی دن
یہ آہ بے اثر ہے اور میں ہوں

ستمگر ہو تو بجز خفا وہ سے نہ کیوں ہو

جس سے ہوں ہزاروں عاشق جانباز ہم
شہرہ آوے کیوں نہ عالم میں اگر کچھ نہ ہو

ہم تجھے چشم تصور سے دیکھیں گے مدام
ای پری پردا لاکہ پردہ تو اندر کیوں نہ ہو

سیر کرنے کو لئے جب ہم وہ جاتی باغ میں
گل خوشی سے بول اوٹھے جامہ سے باہر کیوں نہ ہو

جوش گریہ کو ہمارے دیکھ کر وہ ہجر میں
پانی پانی شرم سے ابر بہمن کیوں نہ ہو

ہی قیامت کا اثر تیری خرام ناز مین
دو قدم جس جا چلے پھر وہان محشر کیون نہو

اس نزاکت کو گل رعنا کی دیکھو تا سہے
پہولون کا اوسکے بدن پر گرچہ نشتر کیون نہو

زرد رہتا ہی رخ عشاق وہ انجم مثل زر
پھر بھلا افسانہ مین ہر مفلس تونگر کیون نہو

می کبھی ہو مینا کبھی ہو اور ساقی گلگون کبھی
جب مہیا ہو یہ سب پھر دور ساغر کیون نہو

بیٹھ کر پہلو مین دم بھر لے لیا دل کو مرے
پھر کبھی سہوا نہ پوچھا واہ دلبر کیون نہو

صاف ہو جو دل کدورت سے تو پھر امر پاک ہو
پھر سے بہتر کہین وہ دل منور کیون نہو

شوق یا مجکو سر خرو ہونیکا تہا حد سے زیاد
قتل پر آمادہ میرے وہ ستمگر کیون نہو

پردہ مین ہم پاوین موتی واسون کے جوا
گر کے اشک آنکھون سے اپنا رشک گوہر کیون نہو

ہر بال اگرچہ ہم پہ ... کے زبان ہو
اٹھا سے الٰہی کا نہ کچھ شکر بیان ہو

پھر بیستہ کی امید ہو کس طرح سے یارب
در شان سے بچا جو مراد من جان ہو

ہر چند کرے جور و جفا قاتل بیرحم — لازم ہے کہ لب پہ نہ کبھی آہ و فغان ہو

حالت جو ہوئے وصل کے ہم اوسنے تو بولے — کچھ خیر تو ہے جان کی اسوقت کہان ہو

کیا لطف ہے ہو شیفتہ و غیرت جان سے — اے دوست جنکی نہ گھر ہو نہ وہان ہو

یہ خون شہیدان ہے لب یار پہ ٹپکا — ہم شعر لگاتے ہین اگر سرخیٔ پان ہو

بینا ہے اگر آنکھ نظر آئیگا اوسکو — سو پردہ مین ہر چند کہ وہ نور نہان ہو

چھپتا ہے چھپائے سے کہین عشق رخ یار — گو اوسکو چھپائے کوئی لیکن وہ عیان ہو

افسوس وہ بت رام رقیبون کا ہوا ہے — ناقوس کی مانند نہ کیون لب پہ فغان ہو

جب چشم سیہ اوس گل تر کی ہوئی بیمار — پھر آنکھ مین نرگس کے نہ کیونکر یرقان ہو

گر سینہ کو تاکا ہے نظر سے یہ ہی تو کر لو — گت تیر وہ سیدھا چلے جو مثل کمان ہو

آیا کیا تمہین ڈھونڈھا نہ ملے دیر و حرم مین — پھرتے ہو کدھر جا کے یہان ہو نہ وہان ہو

تم دیکھنا ابرو و مژگان کا اشارہ — جب ہاتھ مین اوسکے نہ شمشیر نہ کمان ہو

ہے فرقت جانان مین عجب نزع کی حالت — جلد آؤ فدا تا اوس پہ روح روان ہو

معشوقوں کی خوبی یہ ہے کہ ہون شہرۂ آفاق — عاشق وہی سچا ہے جسکے نہ نام و نشان ہو

آجائے نظر جب کبھی وہ ابروے خمدار
شائق ہیں کیونکر نہ مہ نو کا گمان ہو

کام کیا حور و پری سے ترے دیوانہ کو
رشک فردوس سمجھتا ہی وہ ویرانہ کو

سانپ لہراتے ہیں حسرت سے مری سینہ پر
دیکھتا ہوں میں تری لٹ میں جو شانہ کو

دل پھسا زلف چلیپا میں تری خوب ہوا
پابزنجیر سمجھے کرتے ہیں دیوانہ کو

تیوریاں کیا ہی چڑھاتا ہی وہ برہم ہوکر
اوس سے کہتا ہی کوئی جب مرے افسانہ کو

تو وہ گل ہی کہ اگر باغ میں گذرے اکدم
بلبلیں چھوڑ دیں گلزار کے کاشانہ کو

تری شمسہ کا ستارا ہی یہ خورشید فلک
ہمسری ڈرسے ہی تسبیح کے ہر دانہ کو

حلقۂ چشم سیاہ ہیں اور آنسو ہیں شراب
لوں نہ ساقی سے کبھی بادہ و پیمانہ کو

چھیڑتا ہوں میں تو کس ناز سے کہتا ہی وہ شوخ
آگ لگجائے بس ایسے ترے یارانہ کو

اتنی صحبت بھی ہوئی اوسکی میسر ہمیں
وصل جس طرح کہ ہو شمع سے پروانہ کو

وہان کا بیہوش سنبھلتا ہی نہیں تا لب گور
کوچۂ یار سے نسبت نہیں میخانہ کو

تنگ وحشت نے کیا شہر سے مجھکو شائق

[illegible]

یوں رہتے ہیں آوس تیرے گلزار میں ہمیشہ
خار جس طرح ملا گل سے ہو گل خار کے ساتھ

ہوئی تسکین دل زار نہ ہی وعدہ کیا
بوسے انکار چلی آتی ہی اقرار کے ساتھ

تب مسرت ہوئی دل کو کہ امی رشک قمر
وعدہ وصل بھی ہو وعدہ دیدار کے ساتھ

گل بنا دیکھنا اک فرلہلی کا ایجان
پیر کاوش جو کیا کرتے ہو اغیار کے ساتھ

میرے نزدیک ثابت ہی نہیں کر سکتا
ہمسری ظل ہما سایۂ دیوار کے ساتھ

یہ بھی ممکن ہی کہ جب اشک مرا جوش پہ آئے
سامنا ابر کرے دیدۂ خونبار کے ساتھ

میں تو سو جان سے قربان ہوں تجھ پر اے ماہ
دشمنی کیوں ہی تجھے میرے دل زار کے ساتھ

وہ قدم چلنے سے ہوتی ہی قیامت برپا
حشر رہتا ہی مگر آپ کی رفتار کے ساتھ

ایک دو کا تو ہی لیا ذکر ہزاروں لاکھوں
پیدا ہوتے ہیں مرض عشق کے آزار کے ساتھ

[illegible]
گل کو [illegible]

گرد عشاق ترے رہتی ہین یون سیم بدن | جیسے محتاج رہا کرتے ہین زر والے کے ساتھ

رہے ہے سرسبز سخن اونکا ہر اک محفل مین
انس جو رکھتی ہین شائق ترے اشعار کے ساتھ

عارض ہی ترا مہر درخشان سے زیادہ | کاکل ہی تری سنبل پیچان سے زیادہ
طوفان ہو سے شکوہ نکا تری ہجر مین اشرف | اوٹھیگا کہین نوح کے طوفان سے زیادہ
پہیلی ہی ترے رخ پہ جو یہ زلف سیہ فام | کافر نظر آتے ہین مسلمان سے زیادہ
ہر چند کہ گہر گہر کے یہ برسیگا بہت ابر | کیا ہوگا مرے دیدۂ گریان سے زیادہ
گلگشت چمن مین جو نہین وہ گل رعنا | گلشن ہی مرے واسطے زندان سے زیادہ

پہلو مین جو اک مہر پیغمبر ہی شائق
شوکت ہی مری آج سلیمان سے زیادہ

دیکھا بوندیل کھنڈ کو ہی ایک بن سیاہ | وہان کی زمین سیاہ ہی ہر گھن سیاہ
عنصر وہان کی چار نکی چارون سیاہ ہین | خاک و ہوا و آتش و آب و چمن سیاہ
جنگل کو اوس نواح مین لیجا کے گر کوئی | ہو سیاہ [illegible]

کافور اوس جگہ کا کلونجی سے کم نہین
ہر چیز وہان ہی صورتِ مشکِ ختن سیاہ

اوس ملک نابکار مین البتہ چاہیے
رکھتا ہو بخت جو کہ غریب الوطن سیاہ

اول تو اوس زمین سی گل و لالہ کیا اوگے
شاید کہین جو ہو تو چمن کا چمن سیاہ

جو پہول وان زمین سی اوگا سو ہی اوگا
حتی کہ لالہ و گل سرخ و سمن سیاہ

جو لوگ اوس جگہ بضرورت مقیم ہین
کرتے ہین صبح و شام وہ رنج و محن سے آہ

ہی ساکنین شاحسن کا وہان کے یہ حال بد
منہ بھی سیاہ قلب بہی ہی بدن سیاہ

انسان کا کس طرح سی لگی اپنی جا پہ جی
شائق ہون جس آب کے سب مرد و زن سیاہ

ستم او ظلم یہ یہان سر اوٹھائے جسکا جی چاہے
نظر سے اوسکی اپنی گر گرائے جسکا جی چاہے

ہمین فدا خدا پہ ہی بہروسا خوبرو کیا ہین
صنم کو مہربان اپنا بنائے جسکا جی چاہے

سنا ہی آج اوسکی گہر مین ہی اغیار کا مجمع
نہین جانیکے ہم تو وہان پہ جائے جسکا جی چاہے

نشانہ اپنی سینہ کو بنایا عشق مین ہمنے
ہدف تیر پر اپنا آزمائے جسکا جی چاہے

اگر چاہی کبھی صورت میسر وصل دلبر ہو
تو اوسکے ہجر کی صدمے اوٹھائے جسکا جی چاہے

بہت اغیار کو دعوی ہی اوسکی مہربانی کا
لو ہم آتے ہین وہ دیکھین بلائے جسکا جی چاہے

نہین پروا ہمین اہل زمانہ کی کہچائی ہی
دل شائق کو نظرون سے گرائے جسکا جی چاہے

آہ وزاری تجھی بیدل کبھی ایسی تو نہ تھی
واقعی الفت کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

بزم مین رات تری رعب سے او پردہ نشین
بات کرنی ہمین مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی

وجہ کھلتی نہین اسحان طبیعت میری
جیسی اب تجھپہ ہی مائل کبھی ایسی تو نہ تھی

چاہتا ہی دہن زخم مرے لی لیکر
تیغ کھینچی تری قاتل کبھی ایسی تو نہ تھی

مجمع غیرونکا نظر آتا ہی یان حد سے زیادہ
جیسی اب ہے تری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی

سچ بتادے مجھے شائق کہ طبیعت تیری
ہیچ اشعار مین کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

سخت حیران ہوئی ہین شائق کہ یہ کیا پیچ پڑا

[illegible]

جیسے میری آہ مین تاثیر آدہی رہ گئی — تیری بہی الفت بت بے پیر آدہی رہ گئی

زاہدا اناو نصیحت کی ہی تونے اسلئے — میکشونکی آنکہ مین توقیر آدہی رہ گئی

جوش وحشت نے جو پہیرا ہاتہ اپنا پشت پر — کٹکے میری پاؤن مین زنجیر آدہی رہ گئی

ہوچکے تہی آج توہم قتل اوسکے ہاتہ سے — میان سے کہنچکر مگر شمشیر آدہی رہ گئی

زلف تیری تاکمر پہونچی نہ پہر آگی بڑہی — سورۂ والّیل کی تفسیر آدہی رہ گئی

آج راضی ہوگئی تہی آگیا دشمن وہان — وصل کی آدہی ہوئی تدبیر آدہی رہ گئی

خاک کوئی یار ہاتہ آئی تو ای شتابا — فضل حق سے خواہش اکسیر آدہی رہ گئی

رات کو ہوویسی جو وہ مہر گہر تک پہونچے — شکر حق ہی مرے نالے تو اثر تک پہونچے

مجکو دعوی تہا کہ زلفین مری ہونگے دراز — کچہہ نہ پہونچے تری گیسو کمر تک پہونچے

ہم نہ پہونچے نہ سہی یار تری زلفون مین — حضرت دل تو اوہجکر تری سر تک پہونچے

رحم کہا کر وہ آ و چوم لی آنکہون سے لگاسے — دل غمناک جو اوس شاک قمر تک پہونچے

تو وہ ہم وکہ انجم ہین تری سامنے کیا — تیری چہرہ کے جو [illegible] کو نہ قمر تک پہونچے

خوشنما اور ہوا چہرہ وہ خط کے باعث
حسن قرآن ہی اگر زیر و زبر تک پہونچے

بال کیونکر کہوں اوس گل کی کمر کو وہ تو
اتنی باریک ہے جسکو نہ نظر تک پہونچے

میری مرنیکا تو اک شور تھا عالم میں بپا
حیف صد حیف کہ تمکو نہ خبر تک پہونچے

نامۂ شائق نے جو قاصد کو دیا وہ بولا
کسکی طاقت ہے جو اوس شوخ کی در تک پہونچے

کہنا زبان سی حالتِ دل کیا ضرور ہے
اللہ تو علیم بذات الصدور ہے

تمکو جو اپنی حسن پہ بیجا غرور ہے
بندہ بھی فضلِ حق سے نہایت غیور ہے

دنیا کی احتشام پہ جسکو غرور ہے
کچھ شک نہیں کہ عقل میں اوسکی فتور ہے

ہر چند عفو کچھ کہ بیان میں نہیں مگر
غفار سے توقعِ عفوِ قصور ہے

کیا پوچھتے ہو حال دلِ زار اسی تو
سنگِ جفا سے شیشۂ دل چور چور ہے

دنیا کی زندگی کو سمجھتا ہی ہیچ و پوچ
جسکو حصول رتبۂ کشف القبور ہے

ہر چیز میں جو قدرتِ صانع ہی دیکھتا
وہ شخص اہل ہوش ہے اور ذی شعور ہے

ہر آفتاب سے تو وجہ جدا اثر
اور بات سے بات نہیں دور ہے

ہے نور پاک کی یہ تجلی بغور دیکھ — شمس و قمر مین جلوہ نمایہ جو نور ہے

اللہ کا ہی مورد الطاف بے گمان ہے — عالم مین جو بشر کہ صبور و شکور ہے

صورت کو اوسکی دیکھ کی بے مثل و بے نظیر — کہتے ہین اہل دید پری ہی کہ حور ہے

اللہ رے براقت داغ دل حزین — یہ روشنی مین رشک دہ شمع طور ہے

پیتا ہون خون دل غم فرقت مین رات دن — مجکو یہی بجاے شراب طہور ہے

جب آنکھ بند ہو گئی پھر کیا ہی غم غم — اکدم مین طی ہی راہ عدم گرچہ دور ہے

مین حال کیا کہون شب تار فراق مین — نالہ یہ ایک ہمسر آواز صور ہے

ہر روز مین تو آتا ہون آتی نہین ہین آپ — اچھا صاف صاف کہی یہ کسکا قصور ہے

کشتے تو قتل گاہ مین ہین سیکڑون مگر — دو چار زخمیون کا ابھی ہونا ضرور ہے

وعدہ کیا ہی وصل کا اوس شوخ نی جو آج — خاطر کو انبساط ہی دل کو سرور ہے

سہو و خطا سی کیا کوئی محفوظ ہو سکے — وہ کون سا بشر ہے کہ جو بی قصور ہے

خوش نصیب مثل اوسکی نہین دوسرا کوئی — جسپر کہ مہربانی و لطف حضور ہے

داخل ہوا جو امت خاص رسول مین — پھر کیا اوسے مخافت یوم النشور ہے

امید مغفرت کی نہ کیوں عاصیوں کو ہو
شائق خدا کی ذات رحیم و غفور ہے

شک کو تیرے جو وہ پیدا ماہیں گھر لے گئے
پھر تو کیا کیا بدگمانی لوگ پھر لے گئے

سنکے شہرہ زلف کا تاتار و چین ہرن
کاکل پیچاں سے تیری مشک و عنبر لیگئے

فصل باراں میں ہی بھر سرشک چشم سے
بارہا ابر بہاری چھاگلیں بھر لے گئے

گل چمن میں نونہال سرو قد کو دیکھ کر
رشک کیا کیا دل میں شمشاد و صنوبر لیگئے

میکشوں سے جالگے زاہد و قت سیاہ
آکے میخانہ میں وہ مینا و ساغر لیگئے

ہم نہ مانینگے کیا انکی کوئی جادو ضرور
ورنہ تم دلکو مری پہلو سے کیونکر لیگئے

ظلم سے چرخ فلک کے عشق میں اہل جنون
حسرتیں کیا کیا جہانسے اپنی لیکر آگئے

باتوں باتوں میں اوڑا اپنے خاطر میں وہ لائے
نذر کی خاطر جو ہم دل لے آئے تو لیگئے

ہونگے کشتے بیگناہ لاکھوں ہی اتنے دیکھئے
آج تو پھر ہاتھ وہ بالا سے خنجر لیگئے

قرض مجکو ایکدل کا دیکوئی بہر خدا
ہے بتان شوخ ادا دل جگر آکر لیگئے

جبرئیل کے ساتھ جائیگا شائق ہو یقین

نہ میخانہ سے مطلب ہے نہ مے سے ہے غرض ہمکو
پئے دیدار ساقی خانۂ خمار میں آئے

مے الفت پلا دے ساقی مشفق نے جب بھر کر
تو کیونکر نشا پھر اوسکا نہ مجھ سے شمار میں آئے

کبھی وہ باغصہ اری چل تو ہوے جا
کبھی بوسہ یا لب کا بہت جو پیار میں آئے

خدا کیواسطے ای بت چھپا مت منہ مرے گہر
ترے در پر فقط ہم خواہش دیدار میں آئے

مری اشعار نکرے کیا ادس عشق نے ہمکو
ہمارا ہے یہ منہ شائق ترے اشعار میں آئے

راہ میں لیٹوں کمر سے تیری اے جان تو سہی
کہول کر دل کا نکالوں ارمان تو سہی

منہ چھپا پھر ایک بوسے کے لئے او نونہال
چوم لوں پیرہن میں سینہ پنہان تو سہی

دست وحشت نے کیا ہے چاک پیراہن مرا
پہاڑ ڈالوں دامن کوہ و بیابان تو سہی

جس طرح کاکل نے تیری مجھکو ڈالا پیچ میں
تو بھی ان الجھن سے دل کی پریشان تو سہی

گرچہ صبا باغ میں آئی نہیں پہنچا وہ گل
منہ پہ دیکھ کر لوں گلستان تو سہی

گر کبھی جلوہ نما ہو بام پر وہ آفتاب
منہ چھپالے ابر میں مہر درخشان تو سہی

رنگ لالہ کا تو کیا ہے لعل لب کے روبرو
خون ہوکے ہو خجل لعل بدخشان تو سہی

چمکی افشان اپنی ماتہی پر یہ جہڑ نے کہا | فوق لیجائی ستاروں پر یہ افشان تو سہی
میری ارزو پر تو ہنستا ہی بہلا اے سنگدل | گور پر کل آ کی میری تو ہو نالان تو سہی

گرچہ اپنی اوسے انکار ہی شائق مگر
ایکدن وہ آپ آ کر ہونگے مہمان تو سہی

خدا سے ہجر مین مینے دعا کی | دکہا صورت مجہی وصل لربا کی
جدا ہونا تہا جو مرضی خدا کی | نہین ہمکو شکایت دلربا کی
ہمیشہ آپ نے جور و جفا کی | ہوئی لیکن نہ ہم زنہار شاکی
کہا مشک ختن زلفونکو تیری | بہلا کہیے یہ مین نے کیا خطا کی
یہین ہی قیس سی مرد کل آئین | سنین جسوقت آہست پر پا کی
تری لات مسیحا تہی پڑہیگی | خبر لائی گی یہ تحت الثرا کی
خودی کو کبر کو جسنے کہ چہوڑا | خبر رکہتا ہی وہ راہ فنا کی
نہ ہو بیجا جب ہی گردش گردون | تو پہر کیا ہی شکایت آسیا کی
تماشا کچہ بہی او سنگ صبر کہنا | عجب تہا اوس تندخو کی التجا کی

رہی جب تک عنایت اوسکی ہمپر / تو بگڑی بات بھی اپنی بنا کی

اوٹھایا ہاتھ تیغ نے بھی وفا سے / قسم کہاتا ہون اپنی بیوفا کی

قدم چومی تھی تیری آکی ای گل / اسی سی سرخ ہی رنگت حنا کی

عرق سی رخ کی تیری ای گل اندام / چلی آتی ہی بو عطر حنا کی

نہ ملنا تہا تجھکو گر ہمسے ای بت / قسم کیون کہالی تھی تونے خدا کی

ترے بیمار کو ای عیسیٰ وقت / کسی صورت نہین حاجت دوا کی

فقط دیدار ہی کافی ہے تیرا / یہی تدبیر ہے اوسکی شفا کی

سلا ہرگز نہ یہ چاک گریبان / اگرچہ سوزن عیسیٰ سیا کی

اوڑا کر لائے بو اوس گلبدن کی / کہان جرأت ہی یہ باد صبا کی

وہم فکر سخن اب لامکان تک / رسائی ہوگئی فکر رسا کی

خوشا طالع بروز حشر جسکو / ملے شان شفاعت مصطفا کی

جو نوبت آئی وصل دلربا کی ۔ ہمارے در پہ اک نوبت بجا کی

اوسے عادت ہے گر جور و جفا کی ۔ تو ہمکو بھی ہی خو صبر و وفا کی

بلا سے تلخ ہو گر اسکا انجام ۔ ادا خوش آگئی شیرین ادا کی

نشان قاتل کی گھر کا ہی یہ قا ۔ گر رنگت سرخ ہی دولت سرا کی

نہ سمجھو تم انہین خاموش ہرگز ۔ یہ بت بھی یاد کرتے ہین خدا کی

کمر باندھی ہی پھر اوسنے جفا پر ۔ قضا ہی آج کل اہل وفا کی

محبت مین ہماری تم تو پہلے ۔ نہ سنتے تھے ہنوز و قصہ با کی

اب ایسے ہو گئی ملنے مہر صاحب ۔ ذرا باتین کرو یاد ابتدا کی

اوڑائی خاک میری ہاے در در ۔ یہ بیرحمی سنو باد صبا کی

کیا ہی اوسکی زلفون کو پریشان ۔ ہوئی ثابت یہ گستاخی صبا کی

رہون وحشت مین مین عریان ہمیشہ ۔ جنون نے یہ مجھے بخشش عطا کی

لگا اوس شوخ کا تیر نگہ جب ۔ تمنا نے وہین آغوش وا کی

سگ دلبر کو کیونکر یہ ملا گے ۔ مری ہڈی ہما نے ہاے تاکی

مریض عشق نے پائی نہ صحت
طبیبون نے بہت اوسکی دوا کی
کیا مشتل مین قتل اوسنی مجھے جب
نہ بولا کوئی کبھی تقصیر کیا کی
عجب ہی عشق کی سرکار دیکھو
کہ اک تو فقیر ہی شاہ وگدا کی

رہو چلکر گلی مین اوسکی شائق
جگہہ وہ ہے نہایت ہی فضا کی

روح بلبل جان گلشن تو نظر آیا مجھے
ہر گل تر مین برنگ بو نظر آیا مجھے
او بت پردہ نشین جب تو نظر آیا مجھے
جلوۂ نور خدا ہر سو نظر آیا مجھے
قامت جانان پہ گردش چشم کی ہی طرفہ بات
سرو پر گویا دوان آہو نظر آیا مجھے
دام عشق قد مین اپنا دل وحشی پھنسا
نخل طوبی سے بندہا آہو نظر آیا مجھے
زیر ابرو خال تیرا اے صنم نام خدا
کعبہ مین گوشہ نشین ہندو نظر آیا مجھے
سامنے روے منور کے ترے اے سیم تن
ماہ تابان رات کو جگنو نظر آیا مجھے
کٹ گئی جھٹ پٹ شب فرقت ہماری کیا سبب
رات کو کیا خنجر ابرو نظر آیا مجھے
اپنی خاطر مین سمایا ہی کوئی شکل مسیح
درد دل کا پھر وہی پہلو نظر آیا مجھے

ذکر تیرا ہی رہا دن بھر جو یاں ورد زبان
رات کو بھی خواب میں اے بت تو نظر آیا مجھے

خشک ہیں میری آہ سے یہ شاید ہوا دریا اشک
جو بچشم تر میں اک آنسو نظر آیا مجھے

رات بھر خواب پریشاں دیکھیگا بخت سیاہ
آج وقت شام پھر گیسو نظر آیا مجھے

چل دیا دل اپنی پہلو سے نکلکر دفعتاً
جب کبھی کوئی کہیں خوشرو نظر آیا مجھے

صلے سچے جا ہیں شائق الہ

اپنی دل پر جب نہ کچھ قابو ہوا

جو آب و تاب مرے اشک چشم تر میں ہے
صفائی کب وہ بھلا دانۂ گہر میں ہے

دمک جو چھاتی پہ تیری ہے حجر رنگت کی
کہاں وہ معدن یاقوت کی کان میں ہے

اوٹھاے بار وہ اب تیری زلف مشکیں کا
کہاں یہ تاب میاں تیری اس کمر میں ہے

نکل ہی آتا ہی طفل سرشک آنکھ سے بچا
یہ وا تا ہی نہیں بند کو نظر میں ہے

وہ روز شام کو آتا ہی بہر پرسش حال
اثر یہ اتنا مرے گریہ سحر میں ہے

کہاں یہ رتبہ سیماب جو مقابل ہو
وہ بیقراری مرے پارۂ جگر میں ہے

قطعہ

صدا نالۂ دل شور انگیزی چشم
مرا جو اندنوں مشہور بحر و بر میں ہے

دیکھیے کیا مآل ہو دل کا ۔ بیقراری سی بیقراری ہے
سارے عالم سے ہی فراموشی ۔ یاد لیکن فقط تمھاری ہے
زیست سے ہی مراد آسایش ۔ خاک یہ زندگی ہماری ہے
ایک ہیں دونوں عاشق و معشوق ۔ ظاہرا فرق اعتباری ہے
شب بیمار کی طرح یہ زلف ۔ دوش نازک پہ تیرے بھاری ہے
ہی ہر اک دل کو تجھ پہ شیفتگی ۔ ایسی کچھ وضع تیری پیاری ہے

عارض پرنور سے برقع اوٹھایا چاہیے ۔ ایکدن خورشید کو چکر میں لایا چاہیے
شب کو محفل میں اپنے لا کر بٹھایا چاہیے ۔ شمع کو بھی فرط حسرت سے جلایا چاہیے

بزم مین پھر آل دل پارہ کہلایا چاہیے
[illegible] چاہیے

کیا ہی لذت ہے میان تیغ نگاہ یار مین
زخم کوئی اور بھی اب دل پہ کھایا چاہیے

کھینچتی ہے وحشت اب دامن صحرا کی سمت
دل یہی کہتا کوچہ جانان مین جایا چاہیے

دیکھ اوس مہوش کو کہتے ہین یہی زاہد کہ اب
خرقہ سالوس دریا مین ڈوبایا چاہیے

شغل ہے یہی یاد کا کہتے ہین جو شام و سحر
زلف و رخ اکبار ان کو بھی دکھایا چاہیے

کچھ زبان سے نہین حال بجز رنج والم
اہل دنیا سے طبیعت کو اوٹھایا چاہیے

تار تار اپنا گریبان ہے پریشانی سے اب
مجھ پہ یار کا کل پیچان کا سایا چاہیے

حال کچھ سینہ کا ہم تو چپ سکتا نہین
پھر عشق کچھ جو ہم چھپایا چاہیے

داغ دل گل کے عوض قسمت مین اب تو
چادر مہ فرش کے بدلے بچھایا چاہیے

انتشار طبع کا قصہ سنا کر شائق اب
یہ غزل بھی اہل محفل کو سنایا چاہیے

نہین قلزم سے کم پارہ یہ میرا بادۂ تر ہے
کہ ہر قطرہ مرا اشک رخ اشکار شاگرد ہے

اگر رنگ زر مرد گون لیتا ہے سنگ و اہر ہے
نہین ہے رنگ اپنا پان کی خبر جب خضر کی

عطا ہو تاج شاہی خار کو بھی آبلے سے اب
اگر گلشن میں گل ہی شاخ نخل گل کو افسر ہے

نہیں حاجت مجھے اب نافۂ تاتار کی اے صبا
دماغ اپنا تری بوئے گریباں سے معطر ہے

دو چند اختر چمکے کیوں نہ محرم کی نسبت اوسکی
عیاں ہر جوں پہ چیکی سعد اصغر سعد اکبر ہے

گردن میں کیونکہ گلہ وہ جو نیتے قطع رشتۂ الفت
انہیں کی اس سے اپنا خمیر گل مخمر ہے

عرق لجہ لطف و نزاکت کیوں نہ ہو عالم
ترا چاہ ذقن تو چشمۂ خورشید خاور ہے

بدل کر قافیہ مشتاق غزل اب کوئی پڑھ
کہ مشتاق سخن تیرا یہاں ہر اک سخنور ہے

اب اوسکا فرق جو زلف چلیپا کو سنوارا ہے
بہ تسخیر دل عشاق کیا ہی پیچ مارا ہے

میں اوسکی گالیاں میٹھی کھاتا ہوں یہ باعث ہے
لب شیریں میں اوسکی لذت قند دوبارا ہے

سحر و ہر کو گرچہ دیکھیے دلمیں تو فی الواقع
مسافر کی نمط بس ایک شب سب کا گزارا ہے

نہیں کرتا ہی ستم دیدہ باتیں فقط حسن اپنے
زبس یا ظلم خدا مغرور وہ شوخ دل آرا ہے

کہتین قاتل بیدرد کی ہین سب بالعکس
عوض مہر و وفا یاد و آزاری ہی

دیکہکر بعض اطبا مری کہتے ہین کہ آہ
مرض الموت کی اس شخص کو بیماری ہی

اوڑتی پہرتی ہی یہ جہوٹے ہوا کے تہمت
دیکہ کشتہ کی تری نعش پہ کچہ بہاری ہی

پر لگے چہپاتی ہی گل پیکرون جب سے مینے +
دیکہی محرم کی کٹوری کی وہ گلکاری ہی

ہی اوسکی کمر سایۂ تار نظر سی ہم
گذری کہ نہ دیکہی ہیان ہین کمر ایسی

بدشک ہی یقین وصل کبہی ہوگا ستمگر
یاد رہ ہی تقدیر سی اپنی اگر ایسی

ہو جاینگی دیدار سی جانانکی ہین باہم
وقت ہین اگر اپنی رہی چشم تری

شتوہ ہوتا ہی اس رو سے تیرے جگر و دل +
اوس سر شام تر و تازہ ایسی +

نظارہ سے تیرے گل گلزار ہیں شاکی
نرگس کے طرف تو نہ کیا کر نظر ایسی

کیا بھول گیا آگے ستم شائق ناداں
پھر کرتا ہے تقریر جو تو بیخطر ایسی

چھپی تو نکہت گل تیرے پیرہن میں رہے
نسیم صبح اسے ڈھونڈتی چمن میں رہے

کھلا جو پیچ ترے زلف عنبرین کا سحر
نہ یاسمن میں رہی بو نہ نسترن میں رہے

سنا جو نالۂ موزوں مرا گلستاں میں
نہ تاب نالہ کی پھر بلبل چمن میں رہے

رہا نہ شیریں کا کبر و غرور حسن و جمال
فقط حکایت فرہاد مرد و زن میں رہے

فغاں کہ حسرت دیدار میں سراپا شوق
ہمارے نعش تڑپتی ہوئی کفن میں رہے

فروغ حسن سے اسکے نہیں ہی رات تمام
نمود شمع بھی تا صبح انجمن میں رہے

ہزار مرتبہ کاکل کو تو نے سلجھایا
یہ جان الجھی مگر زلف پر شکن میں رہے

چھٹی جو زلف سی کاکل بجز ترے جا الجھی
مسافر ہمیں فقیر وطن میں رہے

یہ انتشار کا باعث ہے شائق محزوں
فصاحت اپنی جو بھی ہیں سخن میں رہے

جبکہ اغیار کا مجمع ترے در پر ہووے
آفتِ تازہ نہ کیوں پھر مرے سر پر ہووے

لب و دندان ترے گر دیکھ لے کوئی تو اُسے
عمر بھر پھر نہ نظر لعل و گہر پر ہووے

یہ تمنا ہی شبِ وصل میں اکبار کہیں
ہاتھ اپنا بھی تری زلف و کمر پر ہووے

اسمیں کچھ شک نہیں رزاق سے غفلت ہے اوسے
تکیہ جس شخص کو گر فضل و ہنر پر ہووے

کیون نہ نکلے دمِ رخصت یہ مری جان تن سے
دوستو جب کہ وہ آمادہ سفر پر ہووے

بل نے نخوت کا اوسے یار کی ٹھوکر جانا
منتظر ہو کہ پڑا راہ گذر پر ہووے

شرمندہ تیرے رخ سے رخِ آفتاب ہے
اور چاند کلموہی کا یہان کیا حساب ہے

نے صبر ہی نہ چین ہی نے دل کو تاب ہے
کیا جانے کس بلا کا تمہارا عتاب ہے

عارض پہ تیرے کاکلِ پر پیچ و تاب ہے
ابرِ سیہ میں یا کہ چھپا آفتاب ہے

اسنے کہا کہ مرتا ہون کیا حکم ہے مجھے
فرمایا ہنسکے یہ سخن لاجواب ہے

فرقت میں تیری مجھکو ایسی غیرت قمر
ظلمات تیرے ہجر میں شب ماہتاب ہے

ہوں عشق میں وہ مرشد کامل کہ بعد مرگ
فرہاد و قیس کو ہوس اکتساب ہے

کیا پوچھتے ہو نسل رقیب سیاہ رو
سفیان بن حرب سے اوسکے انتساب ہے

مشہور سب میں کرتا ہے ہمسن کو اپنا جد
اتنا ہی نام باپ کا افراسیاب ہے

با این ہمہ تشخص و با این دلاوری
اتون سے بھی فن لیل و خانہ خراب ہے

شائق شکایت فلک پیر سے صول
کوئی بھی اسکے ہاتھون یہان کامیاب ہے

اسان تمھیں ہمیں اشک ہی بہانا ہے
نصیب اپنے مقسوم آب و دانہ ہے

اوٹھاؤن سر کو میں در سے نہیں ممکن
یہ سر ہی اور ترا سنگ آستانہ ہے

نگاہ برق صفت کیجیو نہ بسم اللہ
ہمارا خرمن ہستی اگر جلانا ہے

نہیں ہے پیش نظر ہمین فرش [illegible]
اور اپنا چادر مہتاب شامیانہ ہے

ہمارا [illegible] ال رقیب
اب [illegible] لب چمن کے ترانہ ہے

فقط شکایت اغیار کچھ نہیں مجھکو
ہمارا دشمن جان دوستو زمانہ ہے

جفاے دہر سی پائی ہی اونسی یار نجات
جہان سی جو سوے ملک عدم روانہ ہے

نہین ہے آنا جو منظور صاف کہدیتے
یہ درد سر کا بہلا کے لئے بہانہ ہے

چہوا نہ خوف سے مینے ہمیں کے سانپ کا ہین
یہ تیری زلف مین الجہا ہوا جو شانہ ہے

بجاے نامۂ اعمال ہمکو اے شائق
بروز حشر یہ داغ جگر دکہانا ہے

بیتاب رعد ہی دل نالان کے سامنے
دریا ہی آب دیدۂ گریان کے سامنے

ہین لعل لخت سنگ و گہر قطرہاے آب
اے میری جان ترے لب و دندان کے سامنے

اپنے قیاس مین تو سراسر فضول ہے
ذکر خلد کوچۂ جانان کے سامنے

گلبرگ تر کا نام لے کسکی ہی یہ مجال
لبہاے رشک لعل بدخشان کے سامنے

خاطر جو جمع ہو تو اوسین لا محالہ ہم
کچہ حال از زلف پریشان کے سامنے

[illegible] بجز تمہین اور از ہمدم ہی میرا کون
روتا ہون جاکے کس کے ہمجیران کے سامنے

ملبوس قیس خلعت شاہانہ ہو گیا
پارہ ہوا ہے چاک گریبان کے سامنے

قائل ہین فرش خاک کہ یہ جانتے نہین کبھی
آتا کے سامنے کہی ان کے سامنے

یہ پتہ تھا مجھکو تصور شام سے لے تا سحر
سامنے تصویر آنکھوں کی تھی ساری رات تھی

کیا شب فرقت کے طولانی کہوں الله رے
ہمنشین وہ قیامت سے بھی بھاری رات تھی

ہم تو شائق رات بھر تڑپا کئے بستر پہ ہا
اور اوسکو نیند تھی ان غفلت سے ساری رات تھی

سوچتے مضمون اپنی کسطرح شائق تجھے
فکر عالی سے طبیعت تیری عاری رات تھی

وہاں سرمہ کے آنکھوں میں سحر پھرتی ہے
دل عشاق پر گویا یہاں شمشیر پھرتی ہے

وہ صورت آفت جان جب سے آئی ہے نظر مجھکو
وہی آنکھوں میں پھرتی اب تلک تصویر پھرتی ہے

ادھر ہر بار جب کرتے ہیں میرے عشق سودا کی
اودھر تقدیر پاؤں کی ہے زنجیر پھرتی ہے

جھٹک دامن نہ یوں قاتل خدا کا خوف کر لیجئے
یہ میری عاشقوں کی خاک دامنگیر پھرتی ہے

سخن کہتے ہیں جب شائق کہ ازبس فرط شہرت سے
لیے پھرتا ہے زمانہ سنکے ہی تقدیر پھرتی ہے

مضمون ہیں جو صفحہ پر ابھی لکھتا ہوں میں جیسے
زبان خامہ کاغذ پر دم تحریر پھرتی ہے

یہ مارے گل جو ہیں بیچ و تاب سے گلگیر ہیں
صبا گلشن میں یہ کرتی ہوئی تقریر پھرتی ہے

یہ زنجیر طلائی کا ہے عالم اوسکے سینہ پر
کہ جیسے تختۂ بلور پر تحریر پھرتی ہے

تماشا ہی کہ بعد از زخم بھی شوق تماشا سے — سوئے قاتل ہے ہر دم گردن نخچیر پھرتی ہی

رہا کرتا ہوں میں بیتاب اور وہ بیخبر شاید — یہ اولٹی ہم پہ دیکھو آہ کی تاثیر پھرتی ہی

میں اپنی بخت خوابیدہ کے بس گردش سے سمجھتا ہوں — تری جب آنکھ ہمسے اوسکے پہر پہرتی ہی

زندگی ہو سہ طرف سے منقطع شاہو

ایک عالم ہو گیا آشفتہ جنبش یار سے — ہیں یکجا گبر و مسلمان سبحہ و زنار سے

دل پسا ہی اندازوں الیسبت حنا سے — جسکو وحشت ہی نہیں ہر گوشۂ اغیار سے

تو نظر آتا زلیخا کو تو یوسف کو ضرور — پھیر لاتا کاروان مصر کی بازار سے

تشبیہ ہی سخن ہیں دنیا میں جو شعرا ہیں — جنکو شایستہ ہوا ہیں تمنا و سوغار

دلمیں حسرت رہی و جہانہ ابد از قتل کبھی — دامن قاتل ہمارے زخم دامن دار سے

رخ جاناں کے میں تشبیہ دے سکتا نہیں — سایۂ بال ہما کو سایۂ دیوار سے

گلشن دنیا میں پایۂ رنج سے کسنے نجات — گل کی دل میں بھی خلش ہے ہجر کی خار سے

جب سے مژگان صنم کا زخم پہنچا ہی مجھے — اٹھ نہیں جاتا ہوں میں خانہ سر دیوار سے

صبح کی تشبیہ لازم ہی رخ گلفام سے
زلف کی نسبت بجا ہی تیرگی شام سے

رشک سے اوسکی جگر مین سیکڑون سوراخ ہون
تیری آنکھون کی اگر تشبیہ دون بادام سے

انمین ہی نور تنک اونمین فروغ آفتاب
ہمسری انجم کرین کیونکر ترے بوتام سے

صاف وہ عدہ کیجئے لیت و لعل ہی کیا ضرور
ہی تنفر نہایت مکر اور ابہام سے

کاسۂ سر بعد مردن جام جم ہو جائے گا
زندگی مین ربط رکھا ہی ہمیشہ جام سے

زلف و رخ کے یاد مین کٹتی ہی اپنی زندگی
کچھ خبر ہمکو نہین رہتی ہی صبح و شام سے

وصل اوسکا چاہتا ہی جی ہمیشہ شام و سحر
باز آتا ہی نہین یہ دل خیال خام سے

چین سے سونے نہین دیتا ہے مجھکو اک گھڑی
تنگ آیا ہون مین از بس گردش ایام سے

راہ پر بیٹھا ہوا تکتا ہون مین قاصد کی راہ
جان آجاتی ہی مجھ مین اسکے پیغام سے

فکر آیا نہ جبتک مین سخن شستہ ادا دون
شکر کو ہوتی ہی حیرت ناطق بلا انجام سے

## جو دیکھے ہمنی عاشق آہ باحال زبون دیکھے

داغہای عشق سی سینہ مرا گلزار ہے
واقعی یہ داغ دل ہمدم گل بنجار ہے

عشق مین اوس بت کی مین ایسا ہوا ہون ناتوان
جو بدن پر ہر رگ ہی رشتہ زنار ہے

بل بی ناز عشق کوہ غم لیا سر پر اوٹھا
گرچہ لاغر کاہ سی بدتر اپنا زار ہے

انتظار جلوہ دیدار مین ہر خستہ جان
تو بی دیکھ سامنی کوئی بس لیا ہے

ہی تجھے اہل ہوس سی بیوفا اقرار وصل
او اپنی عاشق شیدا سے صاف انکار ہے

ہی ترا چاہ ذقن یا چشمہ آب حیات
خضر کا چشمہ سراسر اندنون بیکار ہے

عالم مستی مین کبھی کرتا ہون بوسہ کا سوال
میکدہ مین کون مجھ سا باوفا ہشیار ہے

ہاتھ کو [illegible] فقط کافی ہی [illegible]
[illegible] کو کب احتیاج [illegible] دستار ہے

دیکھتے ہوتا ہی خون اس کسکا تیغ ناز سے
آج بھی یار نے پوشاک پر گلنار ہے

ہے نوالی جنگ [illegible] اہل دولت کے سبب
وہان [illegible] دل [illegible] ہے

خیال یار مین آتا نہین قرار مجھے
ہزار طرح کا رہتا ہی انتشار مجھے

پلک جھپکتی نہین میری ٹکٹکی سی کبھی
الہی کسکا یہ رہتا ہی انتظار مجھے

کمال شاد لیے جنت مین دل لگا میرا
بشکل گل نظر آیا ہر ایک خار مجھے

ملی ہی سوز دروں سے یہ سوختنی جسکو
ہوا ہی شمع ہر اک پیرہن کا تار مجھے

بہار گل ابھی بدلی مری گلی کی ہار
گلی کا اپنی اگر کچھ بھی دی وہ ہار مجھے

ہمیشہ کوچہ جانان مین جان کا ڈر ہی
عدم کی راہ نہو جای کوئی بار مجھے

عوض مین بوسہ کی ہر وقت گالیان دیتا
غرض یہ آپکا بہانا نہین شمار مجھے

جہان کے باغ مین ہمدم مین ہون وہ رنگین طبع
دکھائی ہمن وہ دے موسم بہار مجھے

نہ بہلی دل مرا گل سی نہ شور بلبل سی
سنائی نالہ وہ اپنا اگر ہزار مجھے

مین اپنی دل سی تو جبر بیان اوٹھا دیتا
دیا خدا نے نہ اتنا بھی اختیار مجھے

ہوئی ہی مجکو کدورت سے اسقدر نفرت
کہ خوش کبھی نہین آتا خط غبار مجھے

دعا ہی شائق عاصی کی حضرت حق سی
نہوے بعد فنا قبر کا فشار مجھے

تجکو ہم اپنا او بت پرفن بنائینگے
سایے جہانکو جان کا دشمن بنائینگے

زخمی تری نگاہ کی ہین از پئے رفو
تارنگہ کو رشتۂ سوزن بنائینگے

دنیا کو نہ ثبات سمجھتی ہین اسقدر
گھر بیت عنکبوت اوسمین بنائینگے

اصل ہین نانگی دانتون کو پان سے
مسّی انکا کی ہونٹھونکو سوسن بنائینگے

طوبیٰ کی شاخ لائینگی مسواک کے لئے
دریا ہی نناہوار کا منجن بنائینگے

ہم اکتساب کرکے تری نور کا صنم
سینہ کو اپنی وادی ایمن بنائینگے

سیّارونکو بنائینگی آویزہ گوش کا
ثابت کو تیری بازو کا جوشن بنائینگے

گر لیگئی چمن ہین صبا تیری خاکِ پا
پہول اوسکا اپنی واسطے ابٹن بنائینگے

گر آشنیس جنون ہین نہین شک کے لئے
برگ شجر کو دشمت ہین وامن بنائینگے

مرنیکے بعد بھی نہین چہوڑینگے کوئی یار
اپنا اسی کے کوچہ ہین مدفن بنائینگے

شائق جو اپنی آنکہون مین اوس گل نی کی جگہہ
پلکون کی اوسکی واسطی چلمن بنائینگی ۴

لیل و نہار سے یہ غرض ہو آلہ کی ۴
یعنے کر دمتہ سفید و سیاہ کی

ناپایدار ہوتا ہی اسباب مستعار | چھنتی ہی ہر شب سے صبح ردا نور ماہ کی ×

کس طرح طی کرینگی خدایا پل صراط | گٹھری ہمارے سر پہ ہی بار گناہ کی

اسلام کا ہماری تشہد گواہ ہے | دعوی پہ اپنی کچھ نہین حاجت گواہ کی

ہو زہد کا یہ مرتبہ ادنے کہ سنے خبر | دلمین تری رہی نہ طمع مال و جاہ کی

ہے یہان یہ امتیاز فقیر و امیر کا | وہان ہی حقیقت ایک گدا و شاہ کی

راہ طلب مین منزل علم الیقین کو دیکھ | دامن سی اپنی جھاڑ دے گرد اشتباہ کی

ہم عاصیون کو روز جزا کون پوچھتا | ہوتی اگر نہ امت رسالت پناہ کی

شائق ذرا تو دیدہ عبرت کو وا کرو
خلقت بغور دیکھ یہان کوہ و کاہ کی

یاد مین ایزد برحق کی جو انسان نہ ہے | اوسکی غفلت کا کسی طرح سے پایان نہ رہے

غافل از یاد خدا جو کوئی انسان سے ہے | وہ کبھی پیش نظر [illegible] پشیمان نہ رہے

ایسا آشفتہ ہمارا دل حیران نہ ہے | آپ کی کاکل [illegible] پریشان نہ رہے

خاک ہو جائے اگر جان تو نہیں غم ہے مگر × | گرد آلود معاصی مرا دامان نہ رہے

زادِ عقبیٰ جو میسر ہو تو پھر سب کچھ ہے — نہ رہے عالمِ فانی کا جو ساماں نہ رہے

گر فنا آپ کو اوس مہرِ منور کے حضور — صبح ساں کچھ اثرِ چاکِ گریباں نہ رہے

جبکہ ہو جائے عدم فکر میں ہستی میری — کچھ وجود سببِ عالمِ امکاں نہ رہے

حل ہوں سب عقدۂ رازِ دلِ پرشور تو پھر — گر خیالِ گرہ کاکلِ پیچاں نہ رہے

ہاتھ وہی آ ہے معرکۂ عشق میں ممتاز جسے — درد کا ذوق ہوا اور طلبِ درماں نہ رہے

دہنِ یار جو ہو جائے عموماً محسوس — کبھی ظلمت میں نہاں چشمۂ حیواں نہ رہے

نہ خبر کوئی میں بس وحدتِ مطلق اسکو — کہ تجھے کچھ ہوسِ وصلتِ جاناں نہ رہے

دولتِ عالمِ فانی ہے بس اک نقش بر آب — کون دنیا میں رہیگا جو سلیماں نہ رہے

ہوگئی طبع بہیمی کی سراسر خوگر — حیف دنیا میں یہی نام بھی انساں نہ رہے

قصد ہے اوس بتِ کافر کا عیاذاً باللہ — نام کو دہر میں اب ایک مسلماں نہ رہے

دور ہو جائے جو آنکھوں سے تعلق کا حجاب — امتیازِ گلِ زاہد و رہباں نہ رہے

گر زباں ضبط کری ہلنے نہ ممکن ہو جو روا — راز عاشق کا کسی عنواں سے پنہاں نہ رہے

ساقیا دورِ قدح کا نہ تسلسل ٹوٹے — کبھی گردش سے یہ خورشیدِ درخشاں نہ رہے

وصلتِ یار چسپان آہ میسر شود ہم
طرفہ حالت ہے نہ رونے نہ سوئے آن رہے

دیکھ پائی جو ترے عارضِ رنگین کی بہار
چشمِ بلبل مین ذرا قدرِ گلستان نہ رہے

جوشِ سودا مین ہو دشت نوردی جبتک
آبلہ پاؤن کے بیخارِ مغیلان نہ رہے

وصلِ معشوقِ حقیقی کا ہوا جسکے نصیب
ہو کوئی دہر مین پابند سر و سامان نہ رہے

گردشِ طالعِ عشاق اگر ہو موقوف
گردشِ بار آگئی کہ ہمیشہ گردان نہ رہے

اب تصور جو ہوا دل سے ترا زائل
اشکِ خونین نہ بہو دیدۂ گریان نہ رہے

ہتکڑی طوق گلو پاؤن مین زنجیر گران
جوشِ وحشت مین بھی ہم بے سر و سامان نہ رہے

سلطنت کیونکہ ملی مصر کی جبتک نہ کوئی
چاہ مین بند رہے اور تہِ زندان نہ رہے

مجکو محفل مین جو دیکھا تو کیا حکم کہ اب
جو شناسا ہو سوا اور کوئی یان نہ رہے

سب کی تعریف کیا چاہیے اب تجھیا آہ
کوئی اُس مست کا ہمدم و ثناخوان نہ رہے

کیا کرین فکرِ سخن اب کہ مری بندہ نواز
قدردان اوٹھ گئے اور فہم سخندان نہ رہے

مرگ کے بعد وہ کیا خندہ زنان ہو شائق
جیتے جی جسکو غمِ شاہِ شہیدان نہ رہے

بجائے آب حیوان اوسکو ہم سمجھیں گے نعمت ہے
پیالہ وہ اگر زہر ہلاہل کا پلا دینگے

ہمارے خانہ ویران میں جب تشریف لاوینگے
تمھاری راہ میں ہم اپنی آنکھوں کو بچھا دینگے

اونہیں کا نام رہ جائیگا دنیا میں یقین سمجھو
جو اپنا نام یکسر لوح ہستی سے مٹا دینگے

صفائی سے بدی کی فائدہ کیا غور کر غافل
جب آخر ہم کو سب لوگ مٹی میں ملا دینگے

عبث اپنا حال زار کہنا اوس پری رو سے
بنا کر مجھکو دیوانہ وہ باتوں میں اڑا دینگے

مرا ہر عشق کو نافع وصال ماہرویان ہے
بھلا کہو مسیحا اس درد کی کیا دوا دینگے

گمان سرکشی ہرگز نہ کہنا ہے اے قاتل
اگر [illegible] تو ہم گردن [illegible]

نیاز و ناز کا تماشا دیکھئے میں نے
اگر وہ گالیاں دینگے تو ہم اونکو دعا دینگے

کوئی رقیب کوئی آشنا نہیں رکھتے
جہاں میں [illegible] ہم اور کسی سے واسطہ نہیں رکھتے

مزہ بلا ہے صفائی میں ہی کہ نشتر کوئی
ہم اپنی آپ چاہے گر خستہ [illegible] نہیں رکھتے

بگڑ کے کہتے ہیں جب سخت کوئی وہ ہم
تو ہم بھی بات کا کوئی پھر اوس سے [illegible] نہیں رکھتے

لگاؤ سے یہ متنفر ہے آپ کو صاحب
کہ آپ بات میں دورا لگا نہیں رکھتے

کہا جو مین نے کہ رکھتے نہین کسیکا پاس
تو ہنسکے بولی کہ بکنا ہی کیا نہین رکھتے

اگرچہ اور بھی ہین دلربا جہان مین مگر
تری طرح سے وہ ناز و ادا نہین رکھتے

عجیب حال ہوا اپنا کہ اوسکی فرقت مین
حواس ہوش ہم اپنے بجا نہین رکھتے

طبیب کہتی ہین بیمار عشق سے سنا
ہم اس مرض کی تو صاحب دوا نہین رکھتے

اب اس زمانہ مین مشتاق جو صاف باطن ہین
کسیکے دل کا ستانا روا نہین رکھتے

ہی مآل کار کا اندیشہ اب ہر دم مجھے
بس یہی غم ہی نہین ہی اور کوئی غم مجھے

اپنی سایہ سے بھی وحشت دوستو کرتا ہون مین
استقدر رہا ہی کچھ تجرید کا عالم مجھے

گالیان اوسنے لب شیرین سے مجھکو آج دین
کیا تماشا ہی ہوا ہے آب حیوان سم مجھے

تیرے وعدونپر نہین آنیکا جب کو اعتماد
اس طرح کی دے چکا ہی بارہا تو دم مجھے

مو بمو تار نگہ خط شب تیرہ سے ہے
جب آئی ہی نظر وہ کاکل پر خم مجھے

رہ بردا شتکے زبان نطق ہو جاتی ہی بند
اس سبب سے کہتے ہین سب ابکم مجھے

ضبط آہ و نالہ بھی الوسع تو مینے کیا
کیا عجب سو اگر وہ دیدہ پر نم مجھے

شعر مین توجیہ کا ہوتا روا گر اختلاف | جانے ظالم خوش نہ آتا یہ کبھی ظلم مجھے

مین تو شائق ہو لکر اوس سے کبھی و بجا نہین
زلف جانان کس لئی کرتی ہی یون برہم مجھی

## قطعہ

زندگی مجھکو بار خاطر ہے | کسقدر ناگوار خاطر ہے
بعد مردن بھی خاک میری حیف | دوستون کی غبار خاطر ہے

ولہ

یاد آئے سر پیچ طول کاکل خمدار کے | جب دیکھتے ہین ہم کالے کوس جمنا پار کر

تپش دل نی دکھایا یہ اثر رات کی رات | ہاتھ میں سینہ رہی زلف معنبر رات کی رات
بخت بیدار رہا اپنا مگر رات کی رات | رہا آغوش مین وہ ماہ سکندر رات کی رات

وائے بے صبر کی ہمت نہوئی طے منزل | پھر تو یہ دن آئی ہے کہ میسر ساقی ہو
ہمنشین کس سی کہون جا کے یہ اپنی مشکل | آج پھر ہجر کا دن آیا کہ بیچین ہی دل

کل تو ٹھیرا تھا ذرا در دجگر رات کی رات

سال کی سال ہے بن اوس سے ہی مجبوری ۔ ہر مہینا ہے بن ذیقعد سا گذرا خالی
جی لگا جب نہ وطن بیچ تو سفر کی ٹھیری ۔ راہ چلتی ہوئے منزل پہ ملاقات ہوئی

اس مہینے بیچ رہا ماہ صفر رات کی رات

بس یہی ہے مجھے مرغوب بلائیں لیلوں ۔ مشہور کی تیری کسی اسلوب بلائیں لیلوں
پاس آ او مرے محبوب بلائیں لیلوں ۔ زلف مشکین کی ترے خوب بلائیں لیلوں

میں ترے صدقے ہوں آج ٹھہر رات کی رات

قصہ خواں نہ رہی کاکل کی حکایت شب کی ۔ مختصر بات تھی پر شوق سماعت [illegible]
شام سے تا بہ سحر آ کہ [illegible] اپنی [illegible] ۔ [illegible]

ہوئی افسانہ کاکل میں بسر رات کی رات

مدۃ العمر میں اک مرتبہ پائی شب وصل ۔ [illegible] ہم کو دکھائی شب وصل
[illegible] لائی شب وصل ۔ ہم ہوں نالاں رہے [illegible]

سو بھی نالے نے دکھایا یہ اثر رات کی رات

زندگی عالم فانی کی ہے مانند حباب
ہی للسماوات جہان گذران نقش بر آب

کیجیے عیش سے تا وسع مہیا اسباب
ترک دنیا نہ کیا چاہیے تا عہد شباب

اس سرا مین کبھی دل لا کیجے بسر رات کی رات

میری خاطر سے ذرا آج کی شب چھپ جانا
یعنے بانگ سحری لب پہ نہ اپنے لانا

پس دیوار کبھی زنہار نہ میرے آنا
ہی شب وصل کہین شام سے مت چلانا

آج چپ رہیو ذرا مرغ سحر رات کی رات

سارے معشوق ہین فرد مہ کنعان تو ہے
بلبل شیفتہ مین ہون گل خندان تو ہے

شائق شدہ مین ہون شہ خوبان تو ہے
مہر دلسوختہ مین ہون مہ تابان تو ہے

ہی شب وصل سحر کی تو سحر رات کی رات

مخمس دیگر بر غزل مرزا صبا ایضاً

اس طرح سے قطرۂ خون میرے جگر سے نکلے
لعل جس طرح سے یمن لعل حجر سے نکلے

دل تڑپا یون جو ہاتھون نظر سے نکلے
سانس دل آہ اٹھی دیدۂ تر سے نکلے

یانہ آواز کبھی مرغ سحر سے نکلے

ہوں غم و درد و مصیبت سے نہایت محزوں — ستم چرخ سے از بس ہے مرا حال زبوں

تنگ ہے دہر کی وسعت میں کدہر کو جاؤں — قید اس گنبد بیدر میں ہوں کیونکر نکلوں

راہ ملتی ہی نہیں کوئی کدہر سے نکلے

یوں کبھی لٹتے ہوئے دیکھا ہی کسی انساں کو — دل دیا دین دیا صدقہ کیا ایمان کو

ہائے با این ہمہ کیا بغض رہا جاناں کو — ہم سے شکوے یہاں اور وہاں حکم ہوا دربان کو

آج تابوت کسیکا ترے گہر سے نکلے

زر میں اور زریں تو کچھ فرق نہیں ہے اصلا — زر ہے زر زر سے ہو زر یہ ہے اک نقطہ کا

اور زر ہی سے تو ہر چیز کو ہے نشو و نما — کھلتا ہے حال دل تشنہ سے بیجا

کیجے سعی کوئی تو زر حرف نہیں نت سے نکلے

واقعی چہاتیاں ایسی تو کہاں ہوینگی — مگر اک بات نئی جکو نظر او نہیں پڑے

یعنی انگیا کی سجاوٹ یہ ذرا غور جو کی — اونکی پستان پہ نظر آئے گل داودے

ہاے کیون کوئے بت شنگ قمر سے نکلے

## مخمس غزل جناب شیخ علی حزین صاحب متخلص بحزین

مئی گلگون کا کوئی جام پلا ای ساقی | جلد آ دیر نکر بہر خدا ای ساقی

میناکشی کا ہی وقت ہی مزہ اے ساقی | ابر تر دامن و سرمست ہوا اے ساقی

بس یہی کہتی چلی ہم تو جہان تا تا فو | باطن پاک بزرگان ہمہ جا یار ت با

بجم بادہ سپر بجم ترا اے ساقی

مجھسے مخمور سے ہوتا ہی منغص بیجا | اسکا فقیہہ ترے سامنے دشوار ہی کیا

پوچھتا ہو نہین یہی مجھسے کہ یہ وجہ بھلا | درد سر کاشی از نالہ مخمور چرا

گو یوسفِ ثانی ہو مگر پیار نہ کیجو ۔ سب کیجو پر عشق تو زنہار نہ کیجو

چپ رہیو اگر ہو چمن میں کتنی ہی آزار ۔ نازک ہی بہت خاطرِ صیاد خبردار

نالہ کہیں اے مرغِ گرفتار نہ کیجو

تھا شدتِ وحشت سے گرانبار دل اپنا ۔ رونے سے ہوا ہے یہ سبکبار دل اپنا

کیا لطف جو یوہیں رہے بیکار دل اپنا ۔ بہتر ہے جو ہو صرفِ غمِ یار دل اپنا

اس عارضۂ عشق سے فریاد و فغان آہ ۔ بچنے کی تو مطلق نظر آتی ہی نہیں راہ

کیا قہر و غضب ہے بندا یہ غمِ جانکاہ ۔ گر لاکھ مرض ہوں تو بلا سے مگر اللہ

کیوں خفا بیٹھے ہو کہو تو مرا کیا ہی گناہ | تھا محو میں کب دیکھ کے مژگان سیاہ

سخت حیران ہوں یہ کیا بات ہی اے کریم | بیٹھ کے یہ جو تو اوسکا نہیں کرنا تعظیم

درد دل خاک اوسے اپنا سناتا ہوں | فکر کیا بات کا منہ دیکھ کے رہ جاتا ہوں

سیر گلشن کو وہ غارتگر جان جاتا تھا | اتفاقیہ سر راہ وہ مجھ سے ملا

ضبط بیتابی دل سے نہ وہاں پر بھی ہوا | سینے اک آہ جو کی دیکھ کے اوسکے تو کہا

واہ یہ نالہ تو بس کر چکے تاثیر مجھے

تو جو کہتا ہے کہ اس طرح سے غافل نہ رہو — شائق اس حالمین کچھ فکر قیامت کے کرو
خوف ہنگامۂ محشر مجھے کس واسطے ہو — حشر میں فرد اعمال کے رد کرنے کو

مہر بس ہے سند نامۂ تقدیر مجھے

[illegible] صبا شائق مصنف

نباشد قابل تعریف نظمم — نمی گویم کہ کلک من گہر سفت
ولیکن از برائے نذر احباب — نمودم طبع را با خون دل جفت
سن تصنیف آن ہاتف بہ شائق — برائے دوستان این تحفہ ہا گفت

قطعۂ تاریخ از نتائج افکار دُر ربار سید وارث علی صاحب المتخلص بصفی

سزد بر دلی شائق خوشخصال — سزد لہا بتائید یزدان نوشت
بچشم تامل اگر بنگرے — نباشد چنین نظم آسان نوشت

## قطعۂ تاریخ از طبع سلیم شیخ بدلی صاحب متخلص بہ کیوان بلگرامی

چو نظم شائق حافظ نمود جلوہ گری | پسند شد نظر اہل علم و اہل ہنر
بگوش خاطر کیوان برائے تاریخش | سروش گفت کہ دیوان حافظ دیگر ۱۲۹۵ھ

## قطعۂ تاریخ از خامۂ فصاحت ختامۂ شیخ عبد الستار صاحب شفیق

خامۂ شائق چو این دیوان نوشت | از لب ہر کس برآمد مرحبا
مصرعی در وصف او کردم رقم | سال تصنیفش ازان شد برملا
از شفیق آن مصرع نیکو شنو | عندلیب باغ سخن شیوا ۱۲۹۵ھ

## قطعۂ تاریخ از قلم براعت رقم شمس الدین صاحب شمس ساکن دلیل نگر

جبکہ شائق نے یہ کہا دیوان | اوسکے احباب نے کہی تاریخ
شمس نے بھی بغور و فکر تمام | گلشن دلفروز ۱۲۹۵ سے لکھے تاریخ

## قطعۂ تاریخ از فکر صائب شیخ علی احمد صاحب لائق

ببین بدیوان شائق ذی خلاق | میزند مثل موج مضمون جوش
سال طبعش ز لائق محزون | نظم سید بیمثال ۱۲۹۵ھ گفت سروش

از نغمات بلبل گلزار معانی طوطی سحر بیان نکتہ دانی منشی محمد ابو الحسن صاحب

یہ الٰہی بخش شائق کا کلام
جب ہوا مطبوع ہر طبع رسا

یوں حسن نے مصرع تاریخ طبع
چھپ گیا موزوں و پر مضموں لکھا ۱۲۸۲ھ

قطعہ تاریخ ریختہ خامہ شیخ احمد بخش صاحب احمد تخلص

ہو چکا جب ختم خوبی سے یہ نظم آبدار
دیکھ لو اس سے مصنف کا ہوا جوہر پدید

اسکی برکت میں ہی کیا شک یعنی یہ لکھا گیا
آخر ماہ مبارک اولین ماہ عید

مصرع اسپہ تاریخ اسکی ہاتف نے کہی
خوب یہ دیوان شائق نے لکھا احمد جدید ۱۲۸۲ھ

قطعہ تاریخ از خاطر دریا مقاطر شیخ عبد الستار صاحب کوکب تخلص

شائق خوش بیان چو این دیوان
از سر دقت کمال نوشت

سال تصنیف خامۂ کوکب
چشمۂ فیض بے زوال نوشت ۱۲۸۲ھ

قطعہ تاریخ از فکر صائب جالینوس زمان بقراط دوران حکیم باقر علی صاحب قیس

کیا طبع ہی کیا فہم ہے کیا فکر رسا ہے
کیوں حضرت شائق کا نہ ہو نغز بیان

دیوان ہی یا حسن مضامین کا مجمع
انساں جو شائق ہیں تو مشتاق ہی جاں

یحیی گوید اسے کہ این دیوان | باد مطبوع طبع اهل جهان

وله قطعه تاریخ

خهی شائق شائق ذی کمال | سخن سنج و هم ماهر علم و فن

ز فرط مروت بخلق حسن | عنایات بسیار دل داد بمن

ز فکر رسا خوب دیوان نوشت | بفیض خدا شد زبین زمن

نقوش جداول چنان خوشنما | که زو چتر بر شاخ گل نارون

همین باد دل شاد یحیی علی | بگفتا زهی گلستان سخن

وجه مهر و دستخط مهتمم

برای سندیت معنی که این کتاب مطبوع مطبع نظامیست

مهر و دستخط مهتمم ثبت نموده شد